سید محمد عمر شاہ بخاری
(مرکز سراجیہ۔لاہور)

کمپیوٹر کی ضرورت واہمیت

جس طرح گلشن کی پہچان پھول سے اور ادب کی شناخت زبان سے ہوتی ہے اسی طرح اکیسویں صدی کی ابتداء کمپیوٹر سے ہوتی ہے۔......اگر یہ کہا جائے کہ کمپیوٹر اکیسویں صدی کی پہچان ہے تو یہ غلط نہیں ہوگا۔ کمپیوٹر ایک ایسی حیرت انگیز مشین ہے، جس نے دنیا کو اپنا پرستار بنالیا ہے۔ اسے آپ طلسم جام جم کہیں یا دنیا کا آٹھواں عجوبہ، اسی نے اپنے ساحرانہ وجود سے دنیا کو متاثر کیا ہے۔ اس کا منہ بولتا ثبوت ہمارے گھروں، دفتروں اور دکانوں میں پڑے کمپیوٹرز ہیں۔ ہمیں یہ کہتے ہوئے کوئی دشواری نہیں ہوگی کہ کمپیوٹر اس صدی کی بہت بڑی ضرورت ہے۔

کمپیوٹر کے فوائد: سورج کو چھونا، ہوا کو دیکھنا ناممکن ہے اسی طرح کمپیوٹر کے فوائد گنوانا مشکل ہے۔ کیونکہ انسان اپنی عقل وذہانت سے کمپیوٹر سے کام لے سکتا ہے۔ قارئین کی تشفی کے لیے چند فوائد پیش ہیں۔

(۱) لباس تیار کرنے والی فیکٹریوں میں بھی کمپیوٹر استعمال ہو رہا ہے، خاص طور پر جدید قسم کے ڈیزائن کمپیوٹر کے ذریعے بنائے جاتے ہیں۔

(۲) کمپیوٹر کو تعلیمی مقاصد کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کمپیوٹر ایک استاد کے طور پر کام کر رہا ہے۔ کمپیوٹر سے سوالات کیے جاتے ہیں اور وہ ان کے جوابات دے سکتا ہے، جو کہ اس میں فیڈ کیے گئے ہوں۔ یہ بات ٹھیک ہے کہ کمپیوٹر استاد کی جگہ نہیں لے سکتا مگر ایک طالب علم کی مدد ضرور کر سکتا ہے۔

(۳) کمپیوٹر دفتروں میں حساب کتاب کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

(۴) بڑی صنعتوں میں پارٹس کی کٹنگ کے لیے کمپیوٹرائزڈ مشینوں کو استعمال میں لایا جا رہا ہے، جس کی مدد سے سائز میں کمی بیشی کی ممکنہ حالت ختم اور پرزہ بالکل صحیح حالت میں تیار ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر کراچی شپ یارڈ میں لوہا کاٹنے والی مشین کو کمپیوٹرائزڈ کیا گیا ہے جس کی وجہ سے مشین دی ہوئی ڈرائنگ کو پڑھ کر خود سائز کے مطابق کاٹ دیتی ہے۔

(۵) مختلف صنعتوں میں کمپیوٹر کو کسی بھی نظام اور طریقہ کو کنٹرول کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر سٹیل مل میں کمپیوٹر کو ان آلات کے ساتھ منسلک کر دیا جاتا ہے، جن کے ذریعے سٹیل بنانے والی بھٹی کے درجہ حرارت کو کنٹرول کیا جاتا ہے۔ لوہے کو پگھلانے اور اس سے متعلقہ مصنوعات کی کوالٹی اور فنشنگ کمپیوٹر کے ذریعے زیادہ بہتر طریقے سے کی جاتی ہے۔ اس طرح فائر گلاس تیار کرنے والی فیکٹری میں، کمپیوٹر گلاس تیار کرنے والی بھٹی کے عمل کو خود کنٹرول کرتا ہے، جس کی وجہ سے سائز اور معیار بالکل صحیح رہتا ہے۔